# اُردو زبان کے بنیادی صلاحیتیں جما عت۔ ششم(6)

1. طلباء حُروف تہجی ، اعراب، مشکلیں پوری طرح پہچان کر واضح طور پر صحیح تلفظ کے ساتھ تحریر کرنا۔
2. وا ضح خوشخط میں تحریر کرنا۔
3. ہدایت کے تحت واقعات کو بلا جھجھک اپنے الفاظ میں بیان کرنا۔
4. سماعت کئے ہوئے موضوع کع پڑھکر رموزواوقاف کی علامتیں استعمال کر کے صحیح لکھنا۔
5. اسباق، عنوانات اور عبارتیں پڑھکر کہاں، کیوں/ کیسے؟ ایسا ہوتاتو، ویسا ہوتا تو جیسے وغیرہ سوالات کے جواب حاصِل کرنا۔
6. نظم اور نثر کے حصّوں کو جذباتی طورپر پڑھکر اپنانے کی صلاحیت پیدا کرنا۔
7. ہدایت کے تحت خطوط، عنوانات، عبادتیں، رِپورٹ، اور روزنامچہ، یہ سب سمجھکر واضح خوشحط میں لکھنا۔
8. اضداد، ہم معنی الفاظ، تذکیرو تانیث، واحد جمع، پہچان کر استعمال کرنا۔

## بنیادی صلاحیتیں واکتسابی نکات کو سمجھنے کے لئے کروائی جانے والی سرگرمیاں

**بنیادی صلا حیت نمبر 01 سرگرمیاں**

1. حروف کی جھلکی تختیاں تیار کرکے صحیح تلفظ کے ساتھ تحریر کرواکے آسان الفاظ بنانا۔
2. اعراب کا استعمال کر کے الفاظ کو صحیح پڑھنا۔
3. مختلف شکلوں کے وسائل تیار کرکے طلباء سے الفاظ بنا کر شکلوں کی پہچان کرانا۔
4. اُردو زبان کے حُروف، حروف کی شکلیں، اور اعراب کو پہچان کر تلفظ کے ساتھ پڑھنا۔

**بنیادی صلاحیت نمبر 02 سرگرمیاں**

1. معلّمہ نمونتاً طور پر اُردو تحریر کرنے کا طریقہ سے واقف کرانا۔
2. ایک دوسرے کی لکھئ گئی تحریر کو پڑھانا۔
3. حروف سے الفاظ، الفاظ سے جملوں کو ترتیب وار لکھانا۔
4. ہدایت کے تحت طلباء سے صحیح خوشخط لکھنے کی مشق کرانا۔



**بنیادی صلاحیت نمبر 03 سرگرمیاں**

1. مدرسہ میں منعقد ہونے والے قومی تہوار اور جلسوں میں طلباء کو تقاریر کارانا۔
2. روزمرّہ زندگی میں ہونے والے واقعات کو ہر طالب عالم سے گفتگو کرانا۔ جیسے، دوا خانے کا ماحول، مارکیٹ کا ما حول۔
3. اخبار میں آنے والے اہم نکات کو بلا جھجھک بیان کرنا۔

4. نا مکمل کہانی دیکر الفاظ کے ذریعے کہانی مکمل کوانا۔

**بنیادی صلاحیت نمبر04سر گرمیاں**

1. طلباء سے معلوم کردہ کہانیاں کہلوانا۔
2. مثالوں کے ذریعے رموزواوقاف کی علامتوں کی پہچان کرانا۔
3. موبائیل اور ریڈیوکے پروگرامس سماعت کراکے اُنہیں سمجھکر رموزواوقاف کی علامتیں استعمال کرکے لکھنا۔
4. مشہور شعراء اور مضمون نگاروں کی کہاوتوں کو سُنا کر رموزواوقاف کے ساتھ لکھوانا۔

**بنیادی صلاحیت نمبر05رگرمیاں**

1. پچھلی جماعت کے اسباق پڑھا کر کیوں، کیسے، کہاں، جیسے سوالات کے جواب حاصِل کرانا۔
2. اخبار میں تہلکا مچانے والی خبر پڑھاکر کیوں، کیسے، کہاں، جیسے سوالات کے جواب حاصِل کرنا۔
3. موقع کے تحت طلباء میں تحث و مبا حثہ منعقد کرانا۔

**بنیادی صلاحیت نمبر 06سرگرمیاں**

1. پچھلی جماعت کے اسباق اور نظموں کو جذباتی طور پر پڑھنا اور مبنی سوالات کرنا۔(معلّمہ کی بلند خوانی)
2. اسباق، کہانی، عبارتیں، نظم بلند آواز، صحیح تلفظ، اُتار چڑھاؤ کے ساتھ پڑھانا (انفرادی طور پر ہدایت دینا)
3. موبائیل کے ذریعے نظمیں، گیت سُناکر طلباء کو انفرادی یا اجتماعی طور پر کہلوانا۔

**بنیادی صلاحیت نمبر 07 سرگرمیاں**

1. خطوط لکھنے کا اُصول بتاکر لکھنے کے لئے کہنا۔
2. معلوم کردہ موضوع پر ہدایت کے تحت عنوان لکھوانا۔
3. دیکھے گئے واقعات/حصّہ لئے ہوے قومی تہوار، جلسے، میلے، پرانے خیا لات کو قلمبند کرے۔
4. طلباء ہر روز کا روزنامچہ لکھنے کی عادت ڈالنا۔

Page 2

**بنیادی صلاحیت نمبر 08سرگرمیاں**

1. لغات کا استعمال کرتے ہوئے مشکل الفاظ کے معنے تلاش کرنا۔
2. اضداد کی فہرست تیار کرنا۔
3. ہم معنی الفاظ (مترادفات) کا چارٹ استعمال کرکے جملوں میں استعمال کرنا۔
4. ہدایت کے تحت اُردو زبان میں جس کی پہچان مثالوں کے ذریعے کرانا۔

## قبل از اور ما بعد آزمائش میں استعمال ہونے والے نمونتاً سوالاتُ:۔

**صلاحیت نمبر 01**

1. اُردو زبان کے حُروفِ تہجی کتنے ہیں؟
2. مخلوط حُوف درج کیجئے؟
3. اُردو زبان کے اعراب کونسے ہیں؟
4. کوئی بھی دو حرفی سہ حُرفی الفاظ لکھئے۔
5. حروف کو ملا کر لفظ بنائے۔

م د ر س ہ ______ ج ن گ ل ______

**صلاحیت نمبر 02**

1. "تندرستی ہزار نعمت ہے" اِس جملےکو دیکھکر بغیر غلطی کے صحیح خوشخط میں لکھو۔
2. معلّمہ تختہ سیاہ پر چند الفاظ لکھکر پڑھتے ہوئے لکھا نا
   تجارت، رحمت، زندگی، پوشاک
3. روزانہ خوشخط لکھانا۔
4. تحر یر کی جانچ کے لئے مختصر عنوان /سبق لکھنا اور پڑھانا۔
5. بے ترتیب حروف کی صحیح ترتیب کے ذریعہ لکھانا۔
   ا-ج-ا-ح-ل-م-ت
   ب-ق-ط-ا-ن-م-ی-ر



**صلاحیت نمبر 03**

1. قومی تہواروں کو ہدایت کے تحت طلباء سے تقاریر منعقد کرانا۔
2. دیکھے ہوئے واقعات اور حالات کو اپنے الفاظ میں بیان کرنا۔
3. نلی کلی کہانی اور عبارتوں کے کارڈس استعمال کرکے کہلوانا۔
4. اپنے مدرسے میں موجود منعقد نمائش پر اپنے خیالات کو بیان کرنا۔
5. کہانی مکمل کرانا جیسے، ایک گاؤں-------------

**صلاحیت نمبر 04**

1. پڑھی ہوئی کہانی، اخبار، عنوان کو صحیح رموزواقاف کی علامتوں سے لکھنا۔
2. صحیح رموزواوقاف کا استعمال کرتے ہوئے جملہ مکمل کرانا۔

**صلاحیت نمبر 05**

1. پچھلی جماعت کے اسباق پر مبنی سوالات پوچھنا۔
2. جمناآ نندی کیسے بن گئ؟ ( کیسے، کہاں، کیوں، جیسے سوالات لکھا نا)
3. کویمپو کہاں پیدا ہوئے؟
4. گول گنبد کو "بولی گنبد" کیوں کہتے ہیں؟

**صلاحیت نمبر 06**

1. نظم پڑھکر ردیف اور قافیہ، ہم آواز الفاظ کی پہچان کرانا۔

2. سمعی و بصری آلات استعمال کرکے نظمیں ترنم کے ساتھ انفرادی یا اجتماعی طور پر کہلوانا۔

**صلاحیت نمبر 7**

1. والدین کو خط لکھتے وقت ابتداءاور خاتمہ کس طرح ہوتا ہے معلوم کرانا۔
2. اپنے میر معلم کو دو دِن کی چُھٹی کے لئے درخواست لکھانا۔
3. اپنے دوستوں کو مدرسہ میں سمودیا شالے کے حالات کو لکھوانا۔



4. تفریحات پر ایک مختصر نوٹ لکھانا۔

**صلاحیت نمبر 8**

1. اِن الفاظ کے اضداد لکھ کر جملوں میں استعمال کرو
   عالِم، خشبو، ترقی
2. اِن الفاظ کے مترادفات لکھئے۔
   آغاز، ستون، ہمسایہ، فضا
3. اُردو زبان میں جنس کی تعداد کتنی ہے؟ اور وہ کونسے ہیں؟
4. امراض، کتاب، خواتین، ممالک، فرد، غم، مدارس، واحد، جمع کی فہرست بنائیں۔